نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

کپاس کی کاشت کے دوران جنوبی پنجاب کی نہروں کو ترجیحاً پانی فراہمی یقینی بنائی جائے گی، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور **08 مئی 2023:** سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے سیکرٹری آبپاشی پنجاب واصف خورشید سے اُن کے دفتر میں ملاقات کی جس میں کپاس کی کاشت کے دوران جنوبی پنجاب کی نہروں میں پانی کی فراہمی یقینی بنانے پر غور کیا گیا۔ ملاقات کے دوران ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر محمد انجم علی، چیف انجینئر حبیب اللہ بودلہ اور ڈپٹی ڈائریکٹر محمد عدیل بھی موجود تھے۔اس موقع پر سیکرٹری آبپاشی واصف خورشید نے کہا کہ محکمہ آبپاشی ترجیحی بنیادوں پر جنوبی پنجاب کو اس کے حصّے سے زائد پانی فراہم کر رہا ہے تاکہ کپاس کی زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کاشت ممکن ہو سکے۔انہوں نے مزید بتایا کہ امسال محکمہ آبپاشی کو نظام میں مجموعی طور پر 27 فیصد سے زائد کمی کا سامنا ہے لیکن اس کے باوجود جنوبی پنجاب کی نہروں کو 53 ہزار کیوسک پانی دیا جا رہا ہے۔محکمہ آبپاشی اپنی منصوبہ بندی میں جنوبی پنجاب کے کاشتکاروں کی ضروریات کو ترجیحاً مدِ نظر رکھے ہوئے ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ جنوبی پنجاب میں 45 لاکھ 54 ہزار ایکڑ رقبہ پر کپاس کی کاشت جاری ہے جو صوبہ پنجاب کے مجموعی ہدف کا 91 فیصد ہے۔کپاس کی کاشت کے ہدف کو پورا کرنے کے لئے پانی کی فراہمی بیحد ضروری ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ رقبہ کپاس کے زیر کاشت لایا جا سکے۔اجلاس میں کاٹن سیزن کے دوران پانی کی دستیابی سے متعلق محکمہ زراعت اور آبپاشی کے افسران کی جوائنٹ مانیٹرنگ، پانی چوری کے واقعات کی فوری رپورٹ اور ایسا کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق فوری کاروائی عمل میں لانے پر بھی اتفاق کیا گیا تاکہ جنوبی پنجاب میں کاشتکاروں کو یکساں اور بلاتعطل نہری پانی کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

☆☆☆☆